**Fazil / TSF**

**25-09-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح گریٹر نوئڈا میں اتر پردیش بین الاقوامی ٹریڈ شو **2025** کا افتتاح کریں گے۔

☆ وزیر اعظم راجستھان کے بانسواڑہ میں ایک لاکھ **22** ہزار **100** کروڑ روپے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔

☆ مرکزی کابینہ نے سرکاری میڈیکل کالجوں میں **5** ہزار **23** ایم بی بی ایس سیٹوں اور **5** ہزار پوسٹ گریجویٹ سیٹوں کے اضافے کے لیے مرکز کے زیر اہتمام اسکیم کو منظوری دی ہے، جس پر **15** ہزار **34** کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔

☆ **CBSE** نے اگلے سال **17** فروری سے ہونے والے دسویں اور بارہویں کلاس کے بورڈ امتحانات کی عبوری تاریخوں کا اعلان کیا ہے۔

☆ وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ سرکار مناسب آئینی تحفظات فراہم کرکے لداخ کے لوگوں کی اُمنگوں کے تئیں پرعزم ہے۔

☆ اور کرکٹ میں بھارت ایشیا کپ کے فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج اترپردیش اور راجستھان کا دورہ کریں گے۔ وزیر اعظم گریٹر نوئیڈا میں اترپردیش بین الاقوامی تجارتی میلے **2025** کا افتتاح کریں گے اور اس موقعے پر تقریب سے خطاب کریں گے۔ اس دوران ریاست کی گوناگوں دستکاری روایات، کھانوں، ثقافت، جدید صنعتوں، جامع **MSMEs** اور اُبھرتے ہوئے کاروباریوں کو ایک ہی پلیٹ فارم پر یکجا کیا جائے گا۔ اترپردیش بین الاقوامی تجارتی میلے کے دوران دستکاری، ٹیکسٹائلز، چمڑے، زراعت، فوڈ پروسیسنگ، **IT**، الیکٹرانکس اور آیوش سمیت دیگر اہم شعبوں کی نمائندگی کی جائے گی۔ یہ تجارتی میلہ **30** ستمبر تک جاری رہے گا۔

اس کے بعد وزیر اعظم راجستھان جائیں گے، جہاں وہ ایک لاکھ **22** ہزار ایک سو کروڑ روپے لاگت کے مختلف

ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں اور افتتاح کریں گے۔ اس دوران وہ بانسواڑہ میں عوامی تقریب سے خطاب کریں گے اور PM کُسُم مستفیدین سے بات چیت کریں گے۔ وزیر اعظم انُوشکتی وِدیُت نِگم لمیٹڈ کے ماہی بانسواڑہ راجستھان ایٹمی پاور پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد بھی رکھیں گے، جس پر 42 ہزار کروڑ روپے کی لاگت آئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Jitendra Dwivedi**

*ماہی بانسواڑہ راجستھان ایٹمی بجلی پروجیکٹ ریاست میں دوسرا ایٹمی بجلی پروجیکٹ ہوگا، جس سے ریاست میں بجلی کی پیداوار کو تقویت ملے گی۔ جناب مودی آج کئی گرین انرجی پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے اور سنگ بنیاد رکھیں گے، جس سے ماحولیات کے لیے سازگار ملک کی توانائی کی صلاحیت میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ آبی وسائل کے مختلف پروجیکٹوں سے ہزاروں گاؤوں اور قصبوں کے لیے پانی کی سپلائی کو یقینی بنایا جاسکے گا۔ ساتھ ہی کسانوں کو آبپاشی کے لیے بھی مناسب مقدار میں پانی مل سکے گا۔ اِس کے علاوہ بنیادی ڈھانچے اور شاہراہوں کے فروغ کے پروجیکٹوں سے بلا رکاوٹ اور محفوظ ٹرانسپورٹ نظام کو فروغ حاصل ہوگا۔ ریاست میں تین نئی ریل خدمات کے آغاز سے راجستھان اور دیگر شمالی ریاستوں کے درمیان کنیٹی ویٹی مزید بہتر ہوگی۔*

*بانسواڑہ سے جتیندر دیویدی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان*

<u>Morn. PM World Food India</u>

وزیر اعظم نریندر مودی آج شام نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ورلڈ فوڈ انڈیا 2025 کا افتتاح کریں گے۔ اس 4 روزہ تقریب کے دوران فوڈ پروسیسنگ کے شعبے، غذائی پائیداری اور صحت بخش اور نامیاتی خوراک کی پیداوار میں بھارت کی طاقت کا مظاہرہ ہوگا۔ آکاشوانی کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ تقریب کے دوران فوڈ پروسیسنگ کے شعبے میں بھارت کے انقلابی سفر کو پیش کیا جائے گا اور بین الاقوامی اشتراک اور سرمایہ کاری کے مواقع کو فروغ دیا جائے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**V/C - Saumya Sharan**

*غذا سے متعلق عالمی سطح کی اس تقریب میں 21 سے زیادہ ممالک، 21 ریاستیں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے اور 10 مرکزی وزارتیں حصہ لے رہی ہیں، جس سے یہ بھارت کے فوڈ پروسیسنگ شعبے کے شراکت داروں کی سب سے بڑی تقریب بن جائے گی۔ پردھان منتری*

***Formalisation of Micro Food Processing Enterprises Scheme, PMFME***

*کے تحت فوڈ پروسیسنگ کے شعبے کے 26 ہزار مستفیدین کو 770 کروڑ روپے کی قرضہ جاتی امداد بھی فراہم کی جائے گی۔ اس دوران CEO گول میز، تکنیکی اجلاس، نمائش اور متعدد کاروباری مکالموں سمیت تقریب میں کئی اجلاس منعقد ہوں گے۔*

اس دوران ہر مخصوص تھیم پر مبنی 14 پویلین لگائے گئے ہیں، جنہیں دیکھنے کے لیے ایک لاکھ افراد کے آنے کا امکان ہے۔
دلّی سے سومیا شرن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں کونین حیدر

PM Pragrati Meeting

وزیر اعظم نریندر مودی نے سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ سے متعلق ملٹی موڈل ICT پلیٹ فارم، پرگتی کی 49 ویں میٹنگ کی صدارت کی۔ اس دوران وزیر اعظم نے بنیادی ڈھانچے کے 8 اہم پروجیکٹوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا، جو کانکنی، ریلویز، آبی وسائل، صنعتی راہداریوں اور بجلی کے شعبے سے تعلق رکھتے ہیں۔ 65 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی مجموعی سرمایہ کاری والے یہ پروجیکٹ ملک کی 15 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں جاری ہے۔×

Cabinet - MBBS Seat

وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں مرکزی کابینہ نے اگلے تین سال کے دوران موجودہ سرکاری میڈیکل کالجوں اور اداروں میں 5 ہزار 23 ایم بی بی ایس سیٹوں اور 5 ہزار پوسٹ گریجویٹ سیٹوں کے اضافے کے لیے مرکز کے زیر اہتمام اسکیم کے تیسرے مرحلے کو منظوری دے دی ہے۔
اِس قدم سے انڈر گریجویٹ میڈیکل صلاحیت میں نمایاں اضافہ ہوگا، اضافی پوسٹ گریجویٹ سیٹیں قائم ہونے سے ماہر ڈاکٹروں کی دستیابی میں اضافہ ہوگا اور سرکاری میڈیکل اداروں میں نئے مخصوص شعبے شروع کیے جاسکیں گے۔
ساتھ ہی اِس قدم سے طلباء کو بھارت میں طبی تعلیم حاصل کرنے کے مزید مواقع ملیں گے۔ اِس کے علاوہ عالمی معیارات کے مطابق طبی تعلیم اور تربیت کا معیار مزید بہتر ہوسکے گا۔×

GSt Reforms - Treatment Plant

نئے سلسلے کی GST اصلاحات ملک کے بالواسطہ ٹیکس نظام کو سہل بنانے کی سمت ایک اہم قدم ہے۔ اب عوام GST اصلاحات کا فائدہ حاصل کرسکتے ہیں، جو اِس مہینے کی 22 تاریخ سے نافذ ہو چکی ہیں۔
نئے ڈھانچے کے تحت متعلقہ GST کونسل نے 5، 12، 18 اور 28 فیصد کے 4 زمروں والے ٹیکس نظام کو اب 5 اور 18 فیصد کے 2 زمروں میں سہل بنا دیا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے کہا ہے کہ کئی طرح کی اشیاء اور خدمات پر ٹیکس شرح کم ہونے سے لوگوں کو بڑی راحت مل رہی ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے …………

**VC - Shivang**

نئے سلسلے کی GST اصلاحات کے تحت سرکار نے کوڑے کچرے کے Treatment پلانٹ کی خدمات پر جی ایس ٹی 12 فیصد سے کم کرکے 5 فیصد کردیا ہے۔ اِس سے آلودگی سے پاک ماحول قائم ہوسکے گا اور صنعتی علاقوں میں پائیدار ترقی کو تقویت حاصل ہوگی۔ GST شرحیں کم ہونے سے

کوڑے کچرے کو الگ الگ کرنے، پلانٹ چلانے اور رکھ رکھاؤ جیسے شعبوں میں گرین ملازمتوں کے مواقع پیدا ہوں گے۔ کسانوں کی مدد کرنے اور شمسی پمپ کو زیادہ کم خرچ بنانے کے لیے GST کونسل نے شمسی اور Wind آلات وغیرہ پر ٹیکس شرح 12 فیصد سے کم کرکے 5 فیصد کردی ہے۔ اِس طرح سولر Cooker، سولر پاور جنریٹر، Wind Mills اور اِسی طرح کے بجلی کے جنریٹر سمیت مختلف آلات اور سامان پر اب 5 فیصد ٹیکس لگے گا۔

دلّی سے شؤانگ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

CBSE

سینٹرل بورڈ آف سیکینڈری ایجوکیشن CBSE نے اگلے سال ہونے والے دسویں اور بارہویں کلاس کے بورڈ امتحانات کے لیے عبوری تاریخوں کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ امتحانات اگلے سال 17 فروری سے شروع ہوں گے۔

CBSE نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اسکولوں کی جانب سے امتحان دینے والے امیدواروں کی قطعی فہرست پیش کیے جانے کے بعد حتمی تاریخوں کا اعلان کیا جائے گا۔ پہلی مرتبہ ایک تعلیمی سال میں دسویں کلاس کے بورڈ امتحانات دو بار کرائے جائیں گے۔×

MHA - Ladakh

امور داخلہ کی وزارت نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار سونم وانگ چُک کے مطالبے کے سلسلے میں لیہہ اور کرگل جمہوری اتحاد کے ساتھ سرگرمی سے رابطہ قائم کیے ہوئے ہے۔ اُن کا یہ مطالبہ چھٹے شیڈول اور لداخ کو ریاست کا درجہ دینے سے متعلق ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی کے ساتھ ساتھ ذیلی کمیٹی کے باضابطہ وسیلوں کے توسط سے کئی میٹنگیں ہوئی ہیں۔ اِس کے علاوہ لیڈروں کے ساتھ کئی غیر رسمی میٹنگوں کا بھی اہتمام کیا گیا۔ وزارت نے کہا ہے کہ اِس طریقۂ کار کے ذریعے مذاکرات کے عمل کے خوش آئند نتیجے سامنے آئے ہیں۔ اِس طرح لداخ کے درج فہرست قبیلوں کے لیے ریزرویشن 45 فیصد سے بڑھا کر 84 فیصد کیا گیا ہے۔

اِس کے علاوہ کونسلوں میں خواتین کے لیے ایک تہائی ریزرویشن بھی فراہم کیا گیا ہے اور Bhoti اور Purgi کو سرکاری زبان قرار دیا گیا ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ اِس عمل کے ساتھ ایک ہزار 800 عہدوں پر بھرتی کا کام بھی شروع کیا گیا ہے۔

امور داخلہ کی وزارت کے مطابق لداخ کے رہنماؤں کے ساتھ آج اور کل کچھ میٹنگیں ہونے والی ہیں، جبکہ اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی کی اگلی میٹنگ اگلے مہینے کی 6 تاریخ کو ہونا ہے۔ وزارت نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ میڈیا اور سوشل میڈیا

پر پُرانے اور اشتعال انگیز ویڈیو **Circulate** نہ کریں۔

اِدھر چھٹے شیڈول اور لداخ کے لیے ریاست کے درجے کے مطالبے کے معاملے پر پُرتشدد مظاہروں کے بعد لیہہ میں بندشیں نافذ کی گئی ہیں۔ لداخ کے لیفٹیننٹ گورنر **Kavinder** گپتا نے تشدد کے واقعات کی سخت مذمت کی ہے اور امن و سکون قائم رکھنے کی اپیل کی ہے۔

لیہہ میں پُرتشدد جھڑپوں کے تناظر میں بندشیں نافذ کیے جانے کے بعد صورتحال کنٹرول میں ہے۔ رات میں کسی ناخوشگوار واقعہ کی کوئی اطلاع نہیں ملی ہے۔ لیہہ کے ڈپٹی کمشنر **Domail Singh Donk** نے لیہہ کے **SSP** کے ہمراہ کل رات دیر گئے میڈیا کو حالات کی جانکاری دی۔ اُنہوں نے سبھی لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ امن و سکون برقرار رکھیں اور **BNSS 2023** کے تحت بندشوں پر عمل کریں۔×

Seva Parv - Defence Innovation

سیوا اور سُشاسن یعنی عوامی خدمت اور اچھی حکمرانی کے منتر پر قدم بڑھاتے ہوئے، وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں سرکار بڑی تبدیلی لانے اور ترقی کے لیے انتھک کام کررہی ہے۔ **Seva Parv** کے عنوان سے خصوصی سلسلے میں آج ہم اِس بارے میں بات کررہے ہیں کہ مودی سرکار، دفاعی کارکردگی میں اختراع کے ذریعے بھارت کے دفاعی اختراعی نظام کو کس طرح مستحکم بنا رہی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ …………

**Capsule**

*نریندر مودی حکومت نے گزشتہ **11** سال کے دوران دفاعی شعبہ میں اختراع پر خصوصی توجہ دی ہے۔ اختراع کا ایکوسسٹم تیار کرنے کے مقصد سے اپریل **2018** میں دفاعی مہارت کے لیے اختراعات -**iDEX** پہل کا آغاز کیا گیا تھا۔ اس پہل تحت تحقیق و ترقی کے اداروں، تعلیمی اداروں، صنعتوں، اسٹارٹ اَپ اور انفرادی اختراع کاروں کو شامل کر کے تکنیکی ترقی کو فروغ دیا گیا۔*

*مہابلی پورم میں ڈیفنس ایکسپو اور **iDEX** کا آغاز کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے ٹیکنالوجی، اختراع، تحقیق و ترقی کے لیے حکومت کے تعاون کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔*

***S/B - PM Byte***

***MSMEs**، اسٹارٹ اَپ، انفرادی اختراع کاروں کو شامل کر کے، **iDEX** کے تحت جدید ترین ٹیکنالوجیز کی ترقی میں تعاون کے لیے ڈیڑھ کروڑ روپے تک کی امدادی رقم فراہم کی گئی ہے۔ مسلح افواج نے، **iDEX** کے تعاون سے جاری اسٹارٹ اَپ اور **MSMEs** سے، **2** ہزار **400** کروڑ روپے مالیت کی **43** اشیاء خریدی ہیں۔*

*گزشتہ گیارہ سال میں کی گئی تبدیلیوں کی بدولت بھارت میں اختراع کا ماحول پیدا ہوا ہے۔ آج بھارت، دفاع کے شعبے میں خود انحصاری کے حصول کی سمت میں تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے۔×*

CDS Tenure Extended

تقررات سے متعلق کابینہ کمیٹی نے چیف آف ڈفینس اسٹاف کی حیثیت سے جنرل اَنل چوہان کی ملازمت میں توسیع کی منظوری دے دی ہے۔ وہ اگلے سال 30 مئی تک یا مزید احکامات جاری ہونے تک بھارت سرکار میں فوجی امور کے محکمے میں سکریٹری کے طور پر بھی کام کریں گے۔ جنرل اَنل چوہان کو 28 ستمبر 2022 کو چیف آف ڈفینس اسٹاف مقرر کیا گیا تھا۔×

Kolkata Rain

کولکاتہ اور اُس سے متصلہ علاقوں میں بارش سے وابستہ واقعات میں جان گنوانے والوں کی تعداد بڑھ کر 11 ہو گئی ہے۔ کولکاتہ اور مضافاتی علاقوں میں پانی کی سطح کچھ کم ہوئی ہے، تاہم کچھ علاقے اب بھی پانی میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ بس اور میٹرو خدمات اب معمول کے مطابق کام کرنے لگی ہیں۔

وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے مرنے والوں کے لواحقین کے لیے فی کس 2 لاکھ روپے کی مالی مدد کا اعلان کیا ہے۔ کولکاتہ کے مختلف مقامات پر آج بارش کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ دوسری جانب BJP اور دیگر اپوزیشن جماعتوں نے پانی میں بجلی کا کرنٹ پھیلنے سے ہوئی اموات پر وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی پر نکتہ چینی کی ہے۔×

Asia Cup Cricket

کرکٹ میں بھارت دُبئی میں سُپر فور مرحلے کے ایک میچ میں بنگلہ دیش کو 41 رن سے ہرا کر ایشیا کپ ٹی-ٹوئنٹی کے فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

اِس سے قبل بنگلہ دیش نے ٹاس جیت کر بھارت سے بلّے بازی کرنے کو کہا اور بھارت نے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹ پر 168 رن بنائے۔ ابھیشیک شرما نے صرف 37 گیندوں پر تیز رفتار 75 رن اِسکور کیے، جبکہ ہاردِک پانڈیہ نے 38 رن بنائے۔

جواب میں سیف حسن کے 69 رن کے باوجود بنگلہ دیش کی باری لڑکھڑا گئی۔ کُلدیپ یادو کے ساتھ ساتھ دیگر بھارتی گیند بازوں نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ ابھیشیک شرما کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج دُبئی میں ہی سُپر فور مرحلے کے ایک میچ میں بنگلہ دیش کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔ یہ میچ رات 8 بجے شروع ہوگا۔ اِس میچ کے نتیجے کے بعد فائنل میں بھارت کے ساتھ کھیلنے والی دوسری ٹیم کا فیصلہ ہوگا۔×

ICC - US Suspension

بین الاقوامی کرکٹ کونسل، ICC نے USA کرکٹ کی ICC رکنیت معطل کر دی ہے۔ امریکی کرکٹ کی جانب سے بطور ICC رکن ضابطوں کی لگاتار اور بار بار خلاف ورزی کی بنا پر ICC کے آئین کے مطابق یہ فیصلہ لیا گیا۔ ICC نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ امریکی کرکٹ کی ICC رکنیت کی معطلی افسوسناک ہے، لیکن کھیل کے طویل مدّتی مفادات کے تحفظ کے لیے یہ قدم اُٹھانا ضروری تھا۔ ×

India Futsal

AFC Futsal ایشین کپ 2026 کوالیفائر میں بھارت نے منگولیا کو تین-صفر سے شکست دیتے ہوئے Futsal میں اپنی پہلی بین الاقوامی جیت درج کی ہے۔ گروپ A کا یہ مقابلہ کل شام Ardiya میں کھیلا گیا۔
بین الاقوامی سطح پر کھیل کی شکل اختیار کر رہے Futsal میں بھارت کی یہ کامیابی ایک سنگِ میل ثابت ہوگی۔ بھارت کی جانب سے Seaon D'Souza نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دونوں ہاف میں ایک-ایک گول کیا۔ وہیں انمول ادھیکاری نے بھارت کے لیے تیسرا اور آخری گول کیا۔ بھارت، کویت اور آسٹریلیا سے ہار کر کوالیفائر سے پہلے ہی باہر ہو چکا ہے۔ تاہم منگولیا کے خلاف اس جیت نے اُسے گروپ A میں تیسرا مقام دلا دیا ہے۔ ×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے چھتیس گڑھ اور وِدربھ میں آج شدید بارش سے متعلق اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ اس کے علاوہ محکمۂ موسمیات نے انڈومان اور نکوبار جزائر، آندھراپردیش، کیرالہ، گوا، لکشدیپ، اُڈیشہ، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائکل، شمال مشرقی بھارت کے کچھ حصوں، مہاراشٹر اور مراٹھواڑہ میں آج کے لیے شدید بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ محکمۂ موسمیات نے مزید کہا کہ انڈومان اور نکوبار جزائر، چھتیس گڑھ، ساحلی آندھراپردیش اور وِدربھ میں اگلے دو دن کے دوران بجلی کی گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔×

Bihar Literature Festival

ایشیاء کے سب سے بڑے ادبی میلوں میں سے ایک، اُنمیش آج سے بہار کی راجدھانی پٹنہ میں شروع ہو رہا ہے۔ ادبی میلے کا یہ تیسرا ایڈیشن، ساہتیہ اکیڈمی اور ثقافت کی وزارت کے اشتراک سے منعقد کیا جا رہا ہے۔ بہار کے گورنر عارف محمد خان راجدھانی پٹنہ کے سمراٹ اشوک کنونشن ہال میں ادبی میلے کا افتتاح کریں گے۔ اس دوران بھارت اور بیرونِ ملک سے آرٹ اور ثقافت کے بڑے نام اور سرکردہ ادبی شخصیات تقریب میں شرکت کریں گی۔×

Kaziranga Opening

قاضی رنگا نیشنل پارک اور ٹائیگر ریزرو کل سے کھل جائے گا۔ آسام کے وزیر اعلیٰ ہیمنت بسوا سرما نے کل یہ اعلان کیا۔ ابتدا میں پارک کی باگوری رینج کو کھولا جائے گا۔ اس کے بعد اکتوبر کے دوسرے ہفتے میں کوہورا رینج اور یکم نومبر سے **Elephant** سفاری کا آغاز ہوگا۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: کونین حیدر
شکریہ - ضمیر

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے۔ ''مرکزی کابینہ کے اہم فیصلے، بہار کے لیے **6** ہزار کروڑ روپے کے پروجیکٹ منظور۔''

ہندوستان ایکسپریس لکھتا ہے۔ ''کابینہ نے میڈیکل کالجوں میں پی جی اور یو جی سیٹوں میں اضافہ کی منظوری دی۔''

وزیر اعظم نریندر مودی آج اترپردیش اور راجستھان کا دورہ کریں گے۔ اس خبر کو ہندوستان ایکسپریس اور کچھ دیگر اخبارات نے اپنے صفحۂ اوّل پر شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ لکھتا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج ٹرین سے متھرا اور ورنداون جائیں گی۔

روزنامہ انقلاب نے اقوام متحدہ کی حقوق انسانی کونسل کے **60** ویں اجلاس کے انعقاد سے متعلق خبر کو اپنے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔ اخبار لکھتا ہے ''بھارت نے پاکستان کی قلعی کھولتے ہوئے اسے جموں وکشمیر کے ناجائز قبضے والے علاقوں کو فوراً خالی کرنے کی صلاح دی ہے۔''

روزنامہ انقلاب نے یمن کے حوثیوں کے ڈرون حملے میں **20** اسرائیلی شہریوں کے زخمی ہونے سے متعلق خبر کو اپنے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

عرب ممالک کے سربراہان کی امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ سے ملاقات، غزہ سمیت مشرق وسطیٰ کی صورتحال پر تفصیلی گفتگو، ٹرمپ نے ملاقات کو انتہائی کامیاب قرار دیا۔ اس خبر کو اردو اخبارات نے اہمیت کے شائع کیا ہے۔×

<u>آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر</u>

- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج صبح گریٹر نوئڈا میں اتر پردیش بین الاقوامی ٹریڈ شو **2025** کا افتتاح کریں گے۔
- ☆ وزیر اعظم راجستھان کے بانسواڑہ میں ایک لاکھ **22** ہزار **100** کروڑ روپے مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے اور افتتاح کریں گے۔
- ☆ مرکزی کابینہ نے سرکاری میڈیکل کالجوں میں **5** ہزار **23** ایم بی بی ایس سیٹوں اور **5** ہزار پوسٹ گریجویٹ سیٹوں کے اضافے کے لیے مرکز کے زیر اہتمام اسکیم کو منظوری دی ہے، جس پر **15** ہزار **34** کروڑ روپے کی لاگت آئے گی۔
- ☆ **CBSE** نے اگلے سال **17** فروری سے ہونے والے دسویں اور بارہویں کلاس کے بورڈ امتحانات کی عبوری تاریخوں کا اعلان کیا ہے۔
- ☆ وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ سرکار مناسب آئینی تحفظات فراہم کرکے لداخ کے لوگوں کی اُمنگوں کے تئیں پرعزم ہے۔
- ☆ اور کرکٹ میں بھارت ایشیا کپ کے فائنل میں پہنچ گیا ہے۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

---------------------------------------